Maulana Azad National Urdu University

M.A. (Urdu)

I - Semester Examination November/December - 2015

Paper : 2 - Lisaniyaat

دوسرا پرچہ : لسانیات

(۱۱)

Total Marks : 70 **Time : 3 hours**

حصہ الف

تمام سوالات لازمی ہیں۔ ہرسوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔ 1x10=10

884

1۔ درج ذیل میں سے کس شاخ میں جزو متصل کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟

(الف) معنیات (ب) اسلوبیات (ج) مارفیمیات (د) نحویات

2۔ الحاقیانہ میں کون سا عمل شامل نہیں ہے؟

(الف) وسطیہ (ب) لاحقہ (ج) عامیانہ (د) سابقہ

3۔ ذیل میں سے کون سی تعریف درست ہے؟

(الف) چھوٹی سی چھوٹی لسانی اکائی کو مارفیم کہتے ہیں (ب) بڑی سے بڑی لسانی اکائی کو مارفیم کہتے ہیں

(ج) چھوٹی سی چھوٹی اور بہ معنی لسانی اکائی کو مارفیم کہتے ہیں (د) ایک لسانی اکائی کو مارفیم کہتے ہیں۔

4۔ ذیل میں سے کون غیر متعلق ہے؟

(الف) مقامِ تلفظ (ب) تلفظی صوتیات (ج) اندازِ تلفظ (د) تلفظ کار

5۔ کس سائنس داں کا تعلق زبان اور دماغ کے درمیان رشتے سے متعلق تحقیق سے نہیں ہے؟

(الف) پول بروکا (ب) پن فیلٹ اور رابرٹس (ج) کارل ورنک (د) اسٹیفن المان

6۔ ذیل میں سے کس نے کہا کہ اردو کھڑی بولی سے نکلی ہے؟

(الف) سہیل بخاری (ب) شوکت سبزواری (ج) سید سلیمان ندوی (د) مسعود حسین خان

7۔ زبان کے آغاز کے یو۔ہی۔ہو (Yo-He-Ho) نظریے کی کیا معنویت ہے؟

(الف) ثقافتی معنویت (ب) تاریخی معنویت (ج) سماجی معنویت (د) سیاسی معنویت

8۔ ذیل میں سے کون سی آواز لثوی ہے؟

(الف) ث (ب) ن (ج) ک (د) ت

9۔ ذیل میں سے کون سا عہد درست نہیں ہے؟

(الف) عہد مابعد جدید (ب) عہد جدید (ج) عہد وسطیٰ (د) عہد قدیم

10۔ ''لسانی مطالعے'' کے مصنف کون ہیں؟

(الف) گیان چند جین (ب) شوکت سبزواری (ج) مسعود حسین خان (د) سید سلیمان ندوی

P.T.O.

حصہ ب

ذیل کے سوالوں میں سے کوئی پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ ہر سوال ڈھائی سو (250) الفاظ پر مشتمل ہو۔ 6 x 5 = 30

1۔ اسلوبیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اہم پہلوؤں سے بحث کیجیے۔

2۔ لسانیات کیا ہے اور لسانیات کیا نہیں ہے پر ایک مختصر تاہم جامع نوٹ تحریر کیجیے۔

3۔ تاریخی لسانیات کے اہم پہلوؤں کو مثالوں سے واضح کیجیے۔

4۔ اردو زبان کے آغاز وارتقا سے متعلق مختلف نظریات پر روشنی ڈالیے۔

5۔ زبان، ادب اور ثقافت کی تفہیم میں لسانیات کے رول کو اجاگر کیجیے۔

6۔ ذولسانیت سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

7۔ ہندی اردو کے لسانی رشتے پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

8۔ لسانیات کے مطالعے کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیے۔

حصہ (ج)

ذیل میں دیے گئے سوالوں میں سے کوئی دو کے جوابات کم سے کم ایک ہزار (1000) الفاظ میں لکھیے۔ 15 x 2 = 30

1۔ معنیات پر ایک مفصل اور مدلل بحث کیجیے۔

2۔ عصبی لسانیات سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ مفصل روشنی ڈالیے۔

3۔ صوتیات کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

4۔ مارفیمیات کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے مختلف پہلوؤں پر مفصل روشنی ڈالیے۔

☆☆☆